Total No. of Printed Pages—14

**X/21/Ur**

**2 0 2 1**

**URDU**

( INDIAN LANGUAGE )

**( FOR CANDIDATES WITH INTERNAL ASSESSMENT )**

*Full Marks* : 80
*Pass Marks* : 24

**( FOR CANDIDATES WITHOUT INTERNAL ASSESSMENT )**

*Full Marks* : 100
*Pass Marks* : 30

*Time* : 3 hours

( FOR ALL CATEGORIES OF CANDIDATES )

*The figures in the margin indicate full marks for the questions*

ہدایات :

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کو غور سے پڑھ کر سمجھئے اور حتی المقدور اپنے الفاظ میں جواب لکھنے کی کوشش کیجئے۔

(iii) سوالات کے لئے مارکس بائیں حاشئے پر درج ہیں۔

(iv) تحریر کی صفائی کا خاص خیال رکھتے ہوئے سوالوں کے برمحل اور موزوں جواب لکھئے۔

(v) داخلی تخصیص (**Internal Assessment**) والے امیدوار صرف سوال نمبر **1** تا سوال نمبر **10** کے ہی جواب لکھیں جبکہ غیر داخلی تخصیص (**Without Internal Assessment**) والے امیدوار سوال نمبر **1** تا سوال نمبر **12** تک کے سبھی سوالوں کے جواب تحریر کریں۔

## SECTION—I

### [ نثر (Prose) ]

(*Marks* : 25)

**1-** (*a*) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×5=5

(*i*) ''مچھلی کے جائے کو کون تیرنا سکھائے'' اس کہاوت کو کس نے کس کے لئے کہا؟

(الف) سرسید کے والد نے نوعمر سرسید کے لئے

( ب ) ابوالکلام آزاد نے اپنے شاگرد کے لئے

( ج ) مولانا حالؔی نے اپنے فرزند کے لئے

(*ii*) سلمٰی اور رانی کشن کنور کس جنرل کی فوج میں شامل ہونا چاہتی تھیں؟

(الف) جنرل بختیارالدین خاں کی فوج میں

( ب ) جنرل ضیاء الدین خاں کی فوج میں

( ج ) جنرل بخت خاں کی فوج میں

*(iii)* کس مصنف یا شاعر کو ' بابائے اردو ' کے عظیم خطاب سے نوازا گیا ہے؟

(الف) ڈاکٹر محمد اقبال

( ب ) مولوی عبدالحق

( ج ) مرزا اسداللہ خاں غالب

*(iv)* سر تیج بہادر سپرو کس ہندوستانی زبان کو ہندو مسلم میل جول اور اتحاد کا ذریعہ مانتے ہیں؟

(الف) سنسکرت زبان

( ب ) ہندی زبان

( ج ) اردو زبان

*(v)* بچپن میں سرسید کی ' بسم اللہ ' کی تقریب کس بڑے بزرگ کی موجودگی میں منعقد ہوئی؟

(الف) حضرت شاہ غلام علی صاحب

( ب ) حضرت شاہ غلام رسول صاحب

( ج ) حضرت شاہ غلام ربّانی صاحب

(b) مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے : 1×5=5

(i) صریح امتیاز

(ii) سالِ جلوس

(iii) مشکیں کسنا

(iv) قدو و منزلت

(v) دھات سازی

**2-** مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کا جواب لکھئے : 3×2=6

(a) تیزابی بارش کسے کہتے ہیں؟ اس بارش سے کیا کیا نقصانات ہوتے ہیں؟ 1+2=3

(b) مسماۃ ماں بی بی کون تھیں؟ سرسید احمد خاں کے بچپن میں ان کی کیا اہمیت تھی؟ 1+2=3

(c) '' ہم نے کوئی جرم نہیں کیا ، ہم اپنے ملک کے لئے ، اپنے بادشاہ کی طرف سے لڑے ہیں۔''

(i) بالا درج جملہ کس سبق سے ماخوذ ہے؟ 1

(ii) یہ جملہ کس نے کس سے کہا؟ 1

(iii) جملے میں ' بادشاہ ' سے مراد کون ہے؟ 1

**3-** مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی مع حوالہ وضاحت کیجئے : 4×1=4

(a) '' زمانۂ قدیم میں انسان اس تعلق سے نہ صرف بخوبی واقف تھا بلکہ اس کی زندگی اِن قدرتی وسائل کے گِرد گھومتی تھی۔''

(b) '' اس لئے بچپن میں مجھے گھر سے باہر جانے اور عام صحبتوں میں بیٹھنے یا آوارہ پھِرنے کا بالکل اتفاق نہیں ہوا۔''

**4-** مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 5×1=5

(a) محمد مجیب کی تحریر شدہ ڈرامہ ''آزمائش'' کی کہانی کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔

(b) مضمون '' مخلوط زبان'' میں مولوی عبدالحق نے اردو زبان کی وسعت و ضخامت اور نزاکت و لطافت کے جو راز بتائے ہیں ، اُسے اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

SECTION—II

**[ (Poetry) نظم ]**

(*Marks* : 20)

-5 (*a*) مندرجہ ذیل سوالوں کا مختصر جواب لکھئے : 1×5=5

(*i*) 'نشاناتِ ستم' کا مفہوم کیا ہے؟

(*ii*) 'آتشیں پرچم' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(*iii*) کس شعر کو 'مطلع' کہتے ہیں؟

(*iv*) رباعی کا کون سا مصرع سب سے زیادہ جاندار ہوتا ہے؟

(*v*) غزل کا سب سے اچھا شعر کیا کہلاتا ہے؟

(*b*) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھئے : 3×2=6

(*i*) تلوک چند محروم کی رباعی میں مذہب کے کِس پیغام کو اُجاگر کیا گیا ہے؟

(*ii*) میر ببر علی انیس نے اپنی رباعی میں اعلیٰ ظرف اور کم ظرف لوگوں کی کن خصوصیات پر روشنی ڈالی ہے؟

(*iii*) 'جلووَں کے ازدہام' سے شاعر اصغر گونڈوی کی کیا مراد ہے؟

**-6** (a) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی مع حوالہ تشریح کیجئے : 4×1=4

(i) '' اے شیخ! وہ بسیط حقیقت ہے کفر کی
کچھ قید و رسم نے جسے ایماں بنا دیا ''

(ii) '' ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بوقتِ مرگ
ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے ''

(b) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 5×1=5

(i) کیفی اعظمی کی نظم '' آندھی '' کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔

(ii) اختر شیرانی نے اپنی نظم '' او دیس سے آنے والے بتا '' میں پردیسی لوگوں کے جذبات و احساسات کی جو ترجمانی کی ہے ، اُسے اپنے الفاظ میں لکھئے۔

SECTION—III

**[ سُرعتی مطالع : گلزارِ اردو (Rapid Reader) ]**

(*Marks* : 10)

**-7** (*a*) مندرجہ ذیل سوالوں کا مختصر جواب لکھئے : 1×5=5

(*i*) سلطان کون تھا؟

(*ii*) سلطان کے دادا کا مشغلہ کیا تھا؟

(*iii*) نور خاں کون تھے؟

(*iv*) نور خاں نے کس انگریز حاکم کو سگریٹ پینے سے روک دیا تھا؟

(*v*) سلطان کو اپنے دادا کے ساتھ کیوں رہنا پڑتا تھا؟

(*b*) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 5×1=5

(*i*) ’’ قومیں ایسے ہی لوگوں سے بنتی ہیں‘‘— نور خاں کے حوالے سے اس جملے کی وضاحت کیجئے۔

(*ii*) سلطان کو باہر جانے پر ، زیبو خالہ کا ٹوکنا کیوں برا لگتا تھا؟ وضاحت بیان کیجئے۔

SECTION—IV

**[ (Grammar, Composition and Comprehension)**

**[ قواعد ، طرز نگارش اور ادراک وفہم**

(*Marks* : 25)

**8-** *(a)* مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×3=3

*(i)* '' زاہد اور زید سگے بھائیں ہیں''— اس جملے میں ' اور' کیا ہے؟

(الف) حرفِ جار

( ب ) حرفِ عطف

( ج ) حرفِ ندا

*(ii)* '' کشمیری شال بہت گرم ہوتا ہے''—اس جملے میں ' کشمیری' کون سی صفت ہے؟

(الف) صفت مقداری

( ب ) صفت عددی

( ج ) صفت نسبتی

(iii) '' اسلم نے قلم توڑ دیا ''—— اس جملے میں ' فاعل ' کون ہے؟

(الف) اسلم

(ب) توڑ دیا

(ج) قلم

(b) لاحقہ ' فروش ' لگا کر تین مرکب الفاظ لکھئے۔ 1×3=3

(c) مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھئے : 1×3=3

(i) روشن

(ii) مہمان

(iii) سزا

(d) مندرجہ ذیل تذکیر کی تانیث لکھئے : 1×3=3

(i) سلطان

(ii) مخدوم

(iii) ملازم

(e) مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع لکھئے : 1×3=3

(i) روح

(ii) ذکر

(iii) تصویر

**9-** مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم 150 لفظوں میں مضمون لکھئے : 5×1=5

(a) کوویڈ–19

(b) آن لائن تعلیم

(c) میرا پسندیدہ مشغلہ

**10-** مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھ کر ذیل میں دیئے گئے سوالات کا جواب لکھئے : 5

## اقتباس

جو بات علم کے ذریعہ ہم تک پہنچتی ہے یا ذہن میں اترتی ہے ، اس کو تعلیم کہتے ہیں۔ تعلیم کا تعلق صرف جانکاری یا کسی چیز کی واقفیت حاصل کرنے سے ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ اس پر عمل بھی ہو۔ لیکن حاصل کی ہوئی واقفیت یا علم پر عمل کرنے کا نام تربیت ہے۔ تعلیم و تربیت کا ایک دوسرے

سے گہرا تعلق ہے۔ تعلیم کے بغیر اچھی تربیت ممکن نہیں ہے اور تربیت کے بغیر تعلیم بے کار ہے۔ اِن دونوں کے مابین جسم اور روح جیسا تعلق ہے۔ ہر شخص کا فرض ہے کہ وہ اپنی اولاد کو بہتر تعلیم دے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کی اچھی تربیت کا بھی خیال رکھے۔ بچہ درحقیقت مختلف انسانی قوتوں کا مجموعہ ہے۔ ان قوتوں کو بروئے کار لانا ، ان کو سنوارنا اور انہیں صحیح راستے پر لگانا والدین اور اساتذہ کی مشترکہ اہم ذمہ داری ہے۔ تربیت کا بہترین زمانہ اوائل عمری کا ہوتا ہے اگر ابتدائی عمر میں بچوں کی تعلیم و تربیت کی بنیاد ناقص اور کمزور رہ گئی تو مستقبل میں اس کی تلافی مشکل ہو جائے گی۔

**سوالات** :

(a) تربیت کا بہترین زمانہ کب ہوتا ہے؟ 1

(b) ہر شخص کا اپنی اولاد کے تئیں کیا فرض ہے؟ 1

(c) والدین اور اساتذہ کی مشترکہ ذمہ داری کیا ہے؟ 1

(d) تعلیم و تربیت کسے کہتے ہیں؟ 1

(e) تعلیم و تربیت کے مابین کیا تعلق ہے؟ 1

SECTION—V

**(For the Candidates without Internal Assessment only)**

(صرف غیر داخلی تخصیص والے امیدواروں کے لئے)

(*Marks* : 20)

**11-** *(a)* کالم (الف) کو کالم (ب) کے ساتھ مربوط کیجئے : 1×5=5

| الف | | ب |
|---|---|---|
| *(i)* سعادت حسن منٹو | : | مناجاتِ بیوہ |
| *(ii)* الطاف حسین حالی | : | پھولوں کے گیت |
| *(iii)* کیفی اعظمی | : | پردۂ غفلت |
| *(iv)* سید عابد حسین | : | آوارہ سجدے |
| *(v)* اختر شیرانی | : | نمرود کی خدائی |

*(b)* حیات اللہ انصاری کا سوانحی خاکہ ان کی ادبی خدمات کے ساتھ لکھئے۔ 5

**12-** ذیل میں دیئے گئے اشارات پر مبنی ایک کہانی لکھئے : 10

ایک سردار — پانچ بیٹے — سردار بیمار ہوا — بیٹوں کو بلا کر — ایک ایک لکڑی دیا — بیٹوں نے اپنی اپنی لکڑی توڑ ڈالی — پانچ لکڑیوں کا گھڑ دینا — پانچوں بیٹے مل کر بھی نہ توڑ پائے — سردار نے سبق دیا — نصیحت کی۔

★★★